ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (445)

مورخہ 28.08.24

# بہاول پور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، سی آئی اے پولیس کی شراب فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی، ولائتی شراب کی بڑی کھیپ برآمد، شراب سپلائی کرنے والا ڈیلر گرفتار، مقدمہ درج ۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم ہر صورت پورا کیا جائے گا، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔سی آئی اے پولیس کے محمد احمد SI نے اپنی ٹیم کے ہمراہ خفیہ انفارمیشن پر کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے شہر و مضافات کے مختلف علاقوں میں شراب سپلائی کرنے والے چنیوٹ کے رہائشی ملزم حشمت علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ولائتی شراب کی 498 بوتلیں اور 120 ٹن پیک برآمد کر لئے۔سی آئی اے پولیس نے ملزم کے زیر استعمال گاڑی بھی قبضہ پولیس میں لے لی۔شراب سپلائی کرنے والے اس نیٹ ورک میں شامل باقی ملزمان کو بھی جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم ہر صورت پورا کیا جائے گا۔منشیات و شراب فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ مزید تیز کیا جا رہا ہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایسا گھناؤنا کاروبار کرنے والے افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔بہترین کارکردگی پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے سی آئی اے پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ کینٹ پولیس نے شراب سپلائی کرنے والے ڈیلر کو گرفتار کر کے ولائتی شراب کی بڑی کھیپ برآمد کی